# THE

# SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Monday, the August 05, 2024

(341st Session)

Volume VII, No.01

(Nos.01-03)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

# Contents


1. **Recitation from the Holy Quran ............................................. 1**
2. **Panel of Presiding Officers ..................................................... 2**
3. **FATEHA .................................................................................... 2**
4. **Leave of Absence ..................................................................... 2**
5. **Presentation of Report of the Standing Committee on Parliamentary Affairs on Elections (Amendment) Bill, 2024 .... 4**
6. **Resolution moved by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan expressing grief on the martyrdom of eminent Hammas leader Mr. Ismail Haniyeh in an attack by Israeli Zionists in Tehran on 31st July, 2024 and recommending immediate assistance and halting of bombing in Gaza ..................................................... 5**
   - *Senator Sherry Rehman .................................................... 6*
7. **Resolution moved by Senator Syed Ali Zafar regarding "Youm-e-Istehsal", following India's illegal and unilateral actions of the 5th August, 2024, by arbitrary revoking Article 35A and 370 of the Constitution ............................................................. 15**
   - *Senator Syed Shibli Faraz (Leader of the Opposition)..... 19*

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Monday, the August 05, 2024

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House), Islamabad at four minutes past five in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَ مَنْ جَهَرَ بِهٖ وَ مَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۭ بِالَّيْلِ وَ سَارِبٌۢ
بِالنَّهَارِ ﴿۱۰﴾ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَ اِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا
مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّ
يُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ﴿۱۲﴾

ترجمہ: ۔ کوئی تم میں سے چپکے سے بات کہے یا پکار کر۔ یا رات کو کہیں چھپ جائے یا دن (کی روشنی) میں کھلم کھلا چلے پھرے (اس کے نزدیک) برابر ہے۔ اس کے آگے اور پیچھے اللہ کے محافظ ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ اللہ اس (نعمت) کو جو کسی قوم کو (حاصل) ہے نہیں بدلتا جب تک کہ وہ اپنی حالت کو نہ بدلے۔ اور جب اللہ کسی قوم کے ساتھ برائی کا ارادہ کرتا ہے تو پھر وہ پھر نہیں سکتی۔ اور اللہ کے سوا ان کا کوئی مددگار نہیں ہوگا۔ اور وہی تو ہے جو تم کو ڈرانے اور امید دلانے کے لیے بجلی دکھاتا اور بھاری بھاری بادل پیدا کرتا ہے۔ (سورۃ الرَّعد: آیات ۱۰تا۱۲)

## Panel of Presiding Officers

Mr. Chairman: In pursuance of Rule 14(1) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, I nominate the following members, in order of precedence, to form a Panel of Presiding Officers for the 341st Session of the Senate of Pakistan:

1. Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui

2. Senator Saleem Mandviwalla

3. Senator Khalida Ateeb

## FATEHA

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب عالی! ڈپٹی چیئرمین صاحب کی ساس صاحبہ کا انتقال ہوگیا تھا، میری گزارش ہوگی کہ ان کے لیے دعا کرلی جائے۔

جناب چیئرمین: مولانا عطاء الرحمٰن صاحب۔

(اس موقع پر مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کی گئی)

Mr. Chairman: Now, we take up the leave of absence.

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Professor Sajid Mir has requested for the grant of leave from 5th August to 9th August, 2024 due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Aon Abbas has requested for the grant of leave for 5th August, 2024 due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Saeed Ahmed Hashmi has requested for the grant of leave for the whole 339th Session and 5th July, 2024 during the 340th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Abdul Shakoor Khan has requested for the grant of leave for the whole 340th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Liaqat Khan Tarakai has requested for the grant of leave for 25th June, 2024 during the 339th Session, 5th July, 2024 during the 340th Session and for the whole current Session due to illness. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Honourable Federal Minister for Law and Justice! Have you discussed with the Leader of the Opposition about the Resolution?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ(وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف و انسانی حقوق): جناب چیئرمین! کمیٹی میں کشمیر کے حوالے سے بھی بات ہوئی ہے۔ We are waiting for the final draft. جب وہ آجاتا ہے تو ہم پیش کردیں گے۔اس میں MOFA کی بھی کچھ input ہے۔

Mr. Chairman: I am talking about Order. No. 2.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! سینیٹر علی ظفر صاحب کی بھی اس میں کچھ suggestions تھیں۔

سینیٹر شیری رحمان: آپ اسے پہلے sign تو کروالیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ابھی circulate کرکے sign کروالیں گے پھر پیش کردیں گے۔

Mr. Chairman: Should we go the next agenda item? We may now take up Order. No. 3. It stands in the name of Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House. Please move the motion.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: He has conveyed that it should be deferred.

Senator Azam Nazeer Tarar: It is fine, sir.

Mr. Chairman: Order No. 3 is deferred. We may now take up Order. No. 4. It stands in the name of Senator Mohammad Humayun Mohmand, Chairman Standing Committee on Parliamentary Affairs. Please move Order. No. 4.

## Presentation of Report of the Standing Committee on Parliamentary Affairs on Elections (Amendment) Bill, 2024

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

Thank you, Mr. Chairman! I, Chairman Standing Committee on Parliamentary Affairs, present report of the Committee on the Elections (Amendment) Bill, 2024. Initially, it was passed in haste and some things

were remaining. But, later on, those were presented and were passed.

Mr. Chairman: The report stands laid. Yes, Federal Minister for Law and Justice.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! پہلی بات غزہ اور اسماعیل ہانیہ صاحب کی شہادت کے متعلق تھی۔

جناب چیئرمین: کیا اس پر پورا اتفاق رائے ہو گیا ہے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی آپ کیا کہہ رہے ہیں؟

جناب چیئرمین: کیا Order. No. 2 پر پورا اتفاق رائے ہو گیا ہے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی بالکل ہو گیا ہے اور وہ آپ کے سامنے ہے۔

Mr. Chairman: We may now take up Order. No. 2. It stands in the name of Senator Palwasha Mohammed Zai Khan. Please move the Resolution.

**Resolution moved by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan expressing grief on the martyrdom of eminent Hammas leader Mr. Ismail Haniyeh in an attack by Israeli Zionists in Tehran on 31st July, 2024 and recommending immediate assistance and halting of bombing in Gaza**

Senator Palwasha Mohammed Zai Khan: Thank you, Mr. Chairman! I move the following Resolution:

"This House expresses profoundest grief and sorrow on the martyrdom of eminent Hammas leader Mr. Ismail Haniyeh in an attack by Israeli Zionists in Tehran on 31st July, 2024;

The House condemns human rights violations and unprovoked bombing of Israel in Beirut and the recent killing of 250 innocent civilians in Palestine in addition to thousands of others;

Realizing that Israel is morphing into an international criminal and terrorist entity that is attacking Muslim Nations with impunity;

The Senate of Pakistan strongly recommends that all countries, Organization of Islamic Cooperation and particularly Muslim countries unite to counter and restrain Israeli's terrorist agenda and ensure lifting of siege of Gaza to provide immediate assistance to the starving and injured civilians and halting of bombing at Gaza on immediate basis."

Mr. Chairman: Is the Resolution opposed? I think it is not opposed.

*(The Resolution was passed unanimously)*

Mr. Chairman: Who wants to speak on the Resolution? Yes, Senator Sherry Rehman.

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! معزز سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان نے ایوان کے طرف سے ابھی جو Resolution پیش کی ہے، اس کے لئے ہم ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ یہ بروقت اور ضروری ہے۔ حکومت پاکستان نے بھی اس پر ایک مذمتی declaration پاس کی ہے اور اس پر بہت باتیں بھی ہوئی ہیں۔ پاکستان کی National Assembly نے بھی ایک قرارداد پاس کی ہے اور ابھی سینیٹ آف پاکستان بھی ضرور ایک اجتماعی پیغام دے۔ میں مختصر بات کروں گی۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ پچھلے سال 7 اکتوبر سے وہاں پر جو مظالم چل رہے ہیں، وہ اسرائیلی قوتوں اور Israeli regime کو ایک genocidal war criminal بناتے ہیں۔ اسی طرح International Criminal Court نے

اور وہاں war criminal کو Prime Minister of Israel, Netanyahu ہونے والے اسرائیلی مظالم کو بھی war crimes declare کیا ہے اور انہیں genocide یعنی نسل کشی کے زمرے میں ڈالا ہے۔ یہ ایک بہت بڑی بات ہے کہ عالمی ادارے بھی اس طرح کی باتیں کر رہے ہیں۔ 7 اکتوبر سے اب تک 40 ہزار سے زیادہ فلسطینی شہید ہوئے ہیں۔ بربریت کا جو نظام ہمارے سامنے آرہا ہے، میں سمجھتی ہوں کہ جیسے پچھلے Sessions میں اس پر بات ہوئی تھی، ہمیں ہر Session میں اس پر بات کرنی چاہیے۔ یہ اس لئے کہ شاید ہم نے اپنی جیتی تاریخ میں نسل کشی کا ایسا مظاہرہ نہیں دیکھا ہے۔ اسرائیل نے ایران میں گھس کر جو حملہ کیا، یہ اس وقت کیا جب ایران کے صدر کی حلف برادری کی تقریب ہو رہی تھی اور ساری دنیا سے لوگ پہنچے ہوئے تھے۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسرائیل کے پاس صرف ایک ہی چیز ہے جسے ہم ابھی اس Resolution کے ذریعے discuss بھی کریں گے اور وہ چیز impunity ہے یعنی کھلی چھوٹ جو اس وقت دنیا میں صرف دو ممالک کے ساتھ ہے: اسرائیل اور ہندوستان۔

جناب! اسرائیل اور ہندوستان کے ساتھ کھلی چھوٹ ہے کہ وہ جو چاہیں، کریں اور جہاں چاہیں، میزائل داغیں اور پھر کہیں کہ ہمارے خلاف دہشت گردی ہوئی ہے۔ اگر ان پر کوئی دہشت گردی کا واقعہ ہوا ہے تو یہ کسی ریاست سے نہیں ہوئی ہے۔ یہ ایک بہت بڑا فرق ہے کہ جہاں کہیں non-state actors کام کر رہے ہیں اور اسرائیل خود کو ایک ریاست قرار دیتی ہے۔ وہ بے دریغ اور بلا سوچے سمجھے bombing کرتی ہے جس کی وجہ سے ان گنت بچے، elderly اور خواتین علیل ہوئے ہیں۔ انہوں نے بغیر تفریق ہر جگہ bombing کی ہے۔ جتنے بھی laws of war ہیں، انہوں نے سب کی دھجیاں بکھیری ہیں۔ سب سے اہم بات یہ کہ ابھی سینیٹر پلوشہ نے جو Resolution پیش کی ہے، میں particularly یہ بات ضرور کہوں گی کہ امن کا جو process شروع ہوا تھا، ceasefire کے حوالے سے جو بات ہو رہی تھی، وہاں کے سارے ممالک اس process میں involve تھے جس میں مصر بھی شامل تھا، peace process چاہے لنگڑی لوڑی شروع ہوئی تھی اور ceasefire کی بھی باتیں چل رہی تھیں تو انہوں نے ایسا کر کے پورے خطے کو غیر مستحکم کر دیا۔ اسرائیل نے ایران میں گھس کر اسماعیل ہانیہ کو مارنے کے لئے جو bombing کی ہے، اس سے انہوں نے

یہ پیغام دیا کہ نہ صرف ہم اس امن کے عمل کو کچھ نہیں سمجھتے بلکہ ہم اس کی دھجیاں بھی بکھیر رہے ہیں۔

اب آپ بتائیں کہ ہم میں سے کوئی بھی دنیا میں کہیں بھی جو بھی peace interlocutor ہوتا ہے اگر اس کو شہید کر دیں، وہ اس گھر میں سو رہے تھے۔ انہوں نے in extrajudicial act of war and extrajudicial killing تو کون آپ کے سامنے پھر اس امن کے عمل کو شروع کرنے کھڑا ہوگا اور کوئی کیوں کرے گا کیونکہ آپ نے تو کہہ دیا کہ ہم نے اسی کو فوری طور پر Sabotage کیا اور ساری دنیا کم از کم طاقت کے جو مرکز ہیں انہوں نے اسے دیکھا اور کچھ روایتی باتیں ہوئیں، کچھ غیر روایتی لیکن نتیجہ یہ ہے کہ اسرائیل نے نہ صرف امن کے عمل کی دھجیاں بکھیریں مگر جو قانون کی بنیاد پر ایک عالمی نظام بنا ہوا ہے یعنی کہ rules based order جو second world war کے بعد بنا اس کی بھی دھجیاں بکھیریں ہیں یعنی کہ اب کوئی قوانین نہیں ہیں اب اسے جو مرضی آئے کر سکتا ہے وہ واضح ہو گیا ہے۔

ہندوستان نے تو اپنے illegal Indian held Kashmir میں کیا ہے اور اسرائیل نے گھس کر Beirut میں Hezbollah chief پر bombing کی، پھر Hamas Chief Ismail Haniyeh پر bombing کی، ان کے بچے اور پوری نسل اس Gaza War میں شہید ہوئے ہیں، بارہ سے زیادہ گھر کے افراد اس جنگ میں شہید ہوئے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس کی مذمت کرنا کم ہوگی ہم سب مذمت کر چکے ہیں لیکن اسرائیل کو کون پوچھ رہا ہے، کون روک رہا ہے اور اس وقت جو مظالم جاری ہیں، ان دونوں میں ایک چیز عام ہے، چیئرمین صاحب! وہ یہ ہے کہ دونوں نسل کشی کر رہے ہیں، آپ ہندوستان اور اسرائیل کو لے لیں ان دونوں نے ان علاقوں کو open prison بنا ڈالا ہے۔ دونوں colonial project, settler colonialism کے مرتکب ہو رہے ہیں اور جو جرائم ان کے ہاتھ سے ہو رہے ہیں ان کی بنیاد پر اب نہ کوئی اخلاقیات کا نظام رہا ہے نہ تو rules based international order رہا ہے۔ یہ تو واضح ہے کہ انہوں نے امن کی جو زرا سی پیش رفت ہوئی تھی یعنی کہ جب وہاں humanitarian aid جاتی تھی اس پر بھی bombing کی ہے چیئرمین صاحب! کہ Humanitarian corridors

سے بھی کوئی نہ آ جاسکے۔ زخمی بچے اور خواتین، سوشل میڈیا پر روز ایسی تصاویر اور videos نظر آتی ہیں جس سے دل دہل کے رہ جاتا ہے کہ اکیسویں صدی میں یہ ہم کیا مناظر دیکھ رہے ہیں اور پھر اپنے اپنے کام پر واپس جا رہے ہیں کیونکہ کسی نے کچھ کرنے کا سوچا نہیں ہے نہ ان کی کوئی روک تھام ہے بلکہ president Netanyahu ہر جگہ پہنچ کے اپنی واہ واہ کروا رہے ہیں، تو اس پر آواز اٹھانا بہت ضروری ہے جن دو occupied areas میں genocide ہو رہا ہے وہ مسلمان ہیں۔

آپ سوچیے کہ کسی western nation پر اس طرح bombing کی جاتی تو آپ بتائیں تو یہ حال ہوتا، مذمت کیا وہاں تو air craft carriers پہنچ چکے ہوتے۔ اس وقت برصغیر میں جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں اور اسرائیل یہی چاہتا ہے کہ خانہ جنگی شروع ہو جائے اور پورا middle east اور دنیا اس میں ملوث کر دیں اور اسی جنگ کی آڑ میں وہ مزید نسل کشی کریں اور کسی بھی فلسطینی کو وہاں زندہ رہنے کی جگہ نہ دیں۔ ان کا پروجیکٹ یہی ہے،

it is a settler, colonialism project and must be called by its name, like the Indian project of illegally occupied Indian Kashmir, the one that the Palestinians are facing is also a reason, naked settler colonialism project driven by the brutality of illegal bombings, illegal and extrajudicial killings and the stripping_of all rights especially the torture of those innocent civilians who have nowhere to go, who are living in open prisons in both these territories, occupied Kashmir

بھی ایک کھلی جیل ہے، جہاں ہم تک خبر بھی نہیں پہنچتی کہ کیا ہو رہا ہے اور یہی ہو رہا ہے فلسطین میں، جو بچا ہے وہاں سے بھی گھر بدر کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے کوئی حقوق نہیں ہیں، پہلے بھی نہیں تھے کوئی بھی اسرائیلی کل آ کر کہہ سکتا ہے، دروازہ کھٹکھٹائے اور کہے کہ میں یہاں رہوں گا، دنیا کے کسی بھی حصے سے تل ابیب میں flight land کرے، ان کو اسی وقت citizen کا پاسپورٹ ملتا ہے اور وہ کسی بھی فلسطینی علاقے میں جا کر فلسطینیوں کو گھر بدر کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اب یہ ہماری سرزمین ہے۔ زمین پر یہ ہو رہا ہے لیکن اس کے

ساتھ ساتھ جو اکیسویں صدی میں نسل کشی کے دو projects چل رہے ہیں اس پر ہم تو کم از کم خاموش تماش بین نہیں بن سکتے چیئرمین صاحب اور آپ سے میں ضرور یہ کہوں گی کہ ہم نے آج resolution تو پاس کی ہے ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ ہر session میں اس پر ہم ضرور بات کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں کیونکہ وہ ہماری طرف دیکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کم از کم پاکستان ایک مسلم ملک ہے جو کھڑا ہے، بہت بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Senator Palwasha. She was the mover of this resolution.

آپ کو پہلے ہی request کرنی چاہیے تھی، آپ بات کر لیں، مگر you should have requested earlier.

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: شکریہ، جناب چیئرمین! سب سے پہلے آپ کا شکریہ کہ آپ نے اس کو ایجنڈا پہ جگہ دی۔ میں بات شروع کروں گی قائد اعظم محمد علی جناح کے ایک قول سے جنہوں نے کہا تھا کہ اسرائیل Israel is an illegitimate child of the West and we will not recognize Israel. جناب چیئرمین! اس کے بعد آپ ہماری پارٹی پاکستان پیپلز پارٹی اور فلسطین کا کیا رشتہ ہے اس پر آ جائیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی اور فلسطین کا رشتہ چھ دہائیوں پر محیط ہے اور ہمارے شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب پہلے سربراہ مملکت تھے جنہوں نے PLO جو کہ فلسطین کی نمائندہ تنظیم ہے، اس کو تسلیم کرانے میں سب سے پہلا کردار ان کا تھا۔ چیئرمین صاحب! بھٹو صاحب نے جب 1974 میں اسلامی سربراہی کانفرنس call کی تو انہوں نے تاریخی الفاظ کہے جو میں quote کر رہی ہوں

Let not posterity say that we were represented with a historic opportunity to release ourselves from injustices imposed on us for many centuries and we proved unequal to it. The states that had sponsored the partition of Palestine in 1947 bore a heavy responsibility for redressing the injustices perpetrated on the people of Palestine and the liberation of Jerusalem.

اور اس وقت ان کے ساتھ جو لیڈران تھے اس زمانے کے انہوں نے اس موقع پر اس سے بھی آگے بڑھ کر باتیں کیں اور اسرائیل کو للکارا اور تاریخ گواہ ہے کہ ایک ایک لیڈر جو اس اسلامی سربراہی کانفرنس میں شامل تھا ان سب کو ایک ایک کرکے راستے سے کیسے ہٹا دیا گیا۔ جناب چیئرمین ! اسی پاداش میں ذوالفقار علی بھٹو شہید نے سولی کو چوما اور ان کو ایک انٹرنیشنل سازش کے تحت راستے سے ہٹا دیا گیا۔ جناب چیئرمین ! 1983 میں جب Operation Opera کی طرف سے کہوٹہ میں پاکستان کی ایٹمی ہتھیاروں پر بمباری کا ناپاک منصوبہ بنایا گیا، اس منصوبے میں بھارت اور اسرائیل دونوں ایک ساتھ تھے اور اندرا گاندھی نے جام نگر کے ایئرپورٹ پر اس وقت جنگی جہاز کھڑے کیے ہوئے تھے جو کہوٹہ پر بمباری کرنے کے لیے تیار تھے۔ جناب چیئرمین ! اس operation کی اندرا گاندھی نے باقاعدہ اجازت دے دی تھی مگر اس وقت افواج پاکستان نے ان کو پیغام بھیجا کہ اگر ایسا ہوا تو اس کا جواب سرزمین اسرائیل پر اسے دگنی فورس کے ساتھ دیا جائے گا اس کے بعد 1994 میں محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی حکومت آئی۔ محترمہ نے ارادہ کیا کہ وہ اظہار یکجہتی کے لیے Gaza جائیں گی اور Gaza جانا اس وقت جان جوکھوں کا کام تھا اور اس وقت Yitzhak Rabin اسرائیل کا پرائم منسٹر تھا۔ اس نے محترمہ سے کہا کہ آپ میری اجازت کے بغیر Gaza میں داخل نہیں ہو سکتی ہیں تو محترمہ بے نظیر بھٹو شہید نے کہا کہ میں فلسطین کی سرزمین پر جانے کے لیے کسی غاصب سے اجازت نہیں لوں گی۔

جناب چیئرمین ! تاریخ گواہ ہے کہ اس قسم کی دلیری کی توقع اسی طرح کے لیڈروں سے ہی کی جا سکتی تھی اور تاریخ ہمیشہ دلیر حکمرانوں کو یاد رکھتی ہے،.بزدلوں کی جگہ صرف تاریخ کے کوڑے دان میں ہوتی ہے اور اس سے آگے کہیں پر بھی نہیں ہوتی۔

جناب چیئرمین ! اس وقت بہت ظلم ہو رہا ہے اور ہر ظالم کو گمان ہوتا ہے کہ میرے ظلم کے سامنے کوئی بھی کھڑا نہیں ہو سکتا اور شاید یہ ظلم ہمیشہ کے لیے رہے گا۔ اسرائیل کا جو نمائندہ نیتن یاہو ہے اس کو بھی یہی گمان ہے مگر اللہ تعالیٰ کی ذات نے فرعون کے گھر میں موسیٰ کو پیدا کیا تھا اور اس فرعون کے گھر پر بھی ایک فلسطینی موسیٰ ہی پیدا ہوگا اور وہ ایک بچہ ہی ہوگا جو اس کو بھی اسی طرح غرق آب کرے گا جیسے اس سے پہلے بڑا فرعون غرق آب ہوا تھا لیکن افسوس کی بات ہے کہ وہ عرب حکمران جن کے پڑوس میں، ان کے جھرمٹ میں یہ خون کی

ہولی کھیلی جارہی ہے اور مسجد الاقصیٰ کے بچوں کو اس بے دردی سے شہید کیا جارہا ہے۔ فلسطین کی سرزمین کا شاید ہی کوئی کونا یا کوئی انچ ہو جو لال نہ ہو۔ وہ خاموش ہیں اور یہ وہ حکمران ہیں جن پر اللہ تعالیٰ کا اتنا انعام و اکرام ہے کہ جہاں پر بھی وہ قدم رکھتے ہیں اس کے نیچے سے تیل کے جھرنے پھوٹ پڑتے ہیں، تیل کی نہریں بہہ اٹھتی ہیں۔ اس میں ان کی اپنی قابلیت اور کمال کچھ بھی نہیں یہ صرف اللہ کا کرم ہے اور فضل ربی ہے مگر پھر بھی وہ خاموش ہیں۔

جناب چیئرمین! اسرائیل بیروت پر حملہ کرتا ہے، اسرائیل ایران پر حملہ کرتا ہے مگر جیسے کہ ابھی شیری رحمان صاحبہ کہہ رہی تھیں کہ اس کا ہاتھ آگے بڑھ کر روکنے والا کوئی نہیں۔ افسوس کی بات ہے کہ اربوں مسلمانوں میں جو سربراہان اسرائیل کے ڈر و خوف سے خاموش ہیں کوئی ایسا بھی نہیں جو ایک روٹی اور پانی وہاں پر بھجوا سکیں۔ وہ مسلمان سربراہان جو خوف کی وجہ سے خاموش ہیں وہ یاد رکھیں کہ چراغ سب کے بجھیں گے، نیتن یاہو کا ہاتھ ان سب کی گردنوں پر بھی جائے گا۔ آج کی مناسبت سے ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے، آج ہمیں کشمیر کا جو استحصال ہے، اس خطے میں دو چار ہیں، ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں، ایک نیتن یاہو اور ایک نریندر مودی ہے۔ کیا یہ اتفاق ہے کہ جو اسلحہ فلسطینی بچوں، ماؤں، بہنوں اور بھائیوں کو شہید کرنے کے لیے، ان کے جسم کے چیتھڑے اڑانے کے لیے استعمال ہوا اس میں بھارتی اسلحہ شامل تھا؟ اس میں کوئی اتفاق نہیں۔ یہ پاکستان کو پیغام ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ پاکستان اسرائیل کی نظر میں آج تک کھٹکتا ہے اور پاکستان کا نیوکلیئر پروگرام اسرائیل کو کسی صورت میں قبول نہیں اور اس بات پر پچھلے سال نیتن یاہو نے بیان بھی دیا تھا اور اس کے نتیجے میں دفتر خارجہ نے 20, October 2023 کو جواب میں جو کہا، میں سمجھتی ہوں وہ جواب کمزور تھا اور میں سمجھتی ہوں آج بھی دفتر خارجہ نے جو response دیا اس کو زیادہ مضبوط ہونا چاہیے تھا۔

جناب چیئرمین! سوچنے کی یہ بات ہے کیا وجہ ہے کہ اسرائیل بھارتی اسلحہ استعمال کرنے کی اجازت دے رہا ہے؟ کیا اسرائیل کے پاس جدید اسلحہ یا ان کو اپنے اسلحے کی کوئی کمی ہے، وہ بھارتی اسلحے کو استعمال کر رہے ہیں؟ یہ ایک گٹھ جوڑ ہے اور اس گٹھ جوڑ پر ہماری نظر ہونی چاہیے جیسے کہا گیا عالمی عدالت انصاف کہتی ہے حملے روکو لیکن عالمی عدالت کے فیصلے ردی کی ٹوکری میں پھینکے جاتے ہیں۔ UN نامی تنظیم کی کوئی بھی حیثیت نہیں ہے، OIC مردہ ہو چکی ہے اور اگر ان میں کچھ غیرت ہو تو وہ خود ہی تحلیل ہو جائیں۔ ان کی کوئی بھی حیثیت نہیں، ان کے الفاظ

کی کوئی بھی حیثیت نہیں ہے، وہ جو مرضی کہتے رہیں، اس کی کوئی بھی حیثیت نہیں کیوں کہ وہ کچھ کر نہیں سکتے۔

جناب چیئرمین! اس میں کوئی شک نہیں کہ غزہ آج کا کربلا ہے اور نیتن یاہو اور اس کے حواری آج کے یزید ہیں۔ اس وقت بھی کوئی طاقتور حضرت امام حسینؓ کے ہاتھ مضبوط کرنے کو آگے نہیں بڑھا تھا۔ آج بھی کسی مسلمان حکمران میں ہمت نہیں۔ ہم کوشش کرتے ہیں کہ ہم الفاظ سے اس کو برا کہیں کیوں کہ ہم سب تو صرف سینیٹ آف پاکستان کے ممبرز ہیں، ہم آواز اٹھاتے رہے ہیں لیکن چونکہ ہمارے ہاتھ میں اس سے زیادہ کچھ بھی نہیں ہے اور یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے۔ ہم اسے دل میں برا جانتے ہیں لیکن چند لوگ جو ہم سے بہت زیادہ وسائل رکھتے ہیں، مال و دولت رکھتے ہیں وہ حکمران تو اس کو زبان سے بھی برا کہنے کو تیار نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین! اسماعیل ہنیہ ان تاریخی لیڈروں میں شمار ہیں، ایک تو وہ شہید ہیں اور وہ مر کر بھی زندہ ہیں جو نہ صرف خود اپنی قربانی دے گئے بلکہ اپنے بیٹوں پوتے، پوتیوں اور اپنے تمام گھر والوں کی قربانی دینے کے بعد اپنی قربانی دے گئے۔ اسرائیلی سنائپرز جب کسی فلسطینی بچے کے دل کا نشانہ لیتے ہیں تو وہ صرف اس بچے کے دل کا نشانہ نہیں لیتے، یہ reports ہیں کہ وہ اسرائیلی سنائپرز فلسطینی بچوں کے دل کا نشانہ لیتے ہیں یہ امت مسلمہ کے دل کا نشانہ لیتے ہیں۔ یہ فلسطینیوں کی نسل کشی کرنا چاہتے ہیں یہ چاہتے ہیں کہ کوئی بھی بچہ نہ بچے جو کل ان کو للکارے۔ تاریخ میں شاید یہ وہ واحد جنگ اور معرکہ ہے جس میں ایک طرف مہلک ترین جدید اسلحہ ہے اور دوسری طرف نہتے دودھ پیتے بچے ہیں، ایسا معرکہ کہ شاید ہی ایسا شرمناک معرکہ تاریخ نے دیکھا ہوگا۔

جناب چیئرمین! آج یوم استحصال کشمیر ہے لیکن میں ایک بات کہوں گی، آج ایک چھوٹی سی خوشخبری ہے کہ پاکستان کی ایک دشمن حسینہ واجد بھاگ کر بھارت میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئی، ان شاء اللہ مودی اور نیتن یاہو اور مودی کے بغل بچے، بھارت میں وہ وقت دور نہیں کہ وہاں جا کر پناہ لینے پر مجبور ہوگا، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: علی ظفر صاحب۔

Senator Syed Ali Zafar: On behalf of the All Senators, I like to salute the brave people of Kashmir who are fighting against the operation, barbarism.....

جناب چیئرمین: میں ابھی اس کا procedure بتادوں کہ جو resolution پہلے سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان صاحبہ نے move کی ہے وہ ابھی I will put to the House, وہ adopt ہو جائے تو پھر آپ move کریں۔

سینیٹر سید علی ظفر: ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: ویسے عرفان صدیقی صاحب اگر آپ بولنا چاہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں مگر rules and procedure کے مطابق if it is not opposed then you have to put it to the House or Minister concern اس کو explain کرے گا۔ جیسے sense of the House ہو گا، I am ready.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میرے خیال سے پہلے move کر دیں، اگر کوئی بولنا چاہے تو پھر بات کر لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں۔ بولنا چاہنے کا یہ procedure ہوتا ہے اگر جب کسی نے oppose ہی نہیں کیا،

then the minister will speak, if he wants. Otherwise I will put it to the House.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: It's not opposed. I now put the Resolution before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Resolution is passed unanimously. This House welcomes 13 students and faculty members of Aldareya Academy Islamabad,

who are sitting in the visitors' gallery. Senator Senator Syed Ali Zafar, please move the Resolution on Kashmir.

**Resolution moved by Senator Syed Ali Zafar regarding "Youm-e-Istehsal", following India's illegal and unilateral actions of the 5th August, 2024, by arbitrary revoking Article 35A and 370 of the Constitution**

Senator Syed Ali Zafar: Mr. Chairman! As I started a few minutes ago, on behalf of the Senators, I would like to salute the people of Kashmir who are fighting against the barbarism, violence, and genocide committed by the Indian forces. I am glad to inform you that a unanimous resolution, I think all the political parties of Pakistan have gotten together in the Senate and have decided on this resolution has been signed by everyone. I will now read it.

The Senate of Pakistan;

Noting that the fifth of August is annually as "youm-e-Istehsal", following India's illegal and unilateral actions of 5th August, 2019 to further consolidate its control over Indian Illegally occupied Jammu and Kashmir (IIOJK).

Expressing solidarity with the oppressed Kashmiri people in their just struggle for the realization of their right to self-determination.

Recalling that the Jammu and Kashmir dispute remains one of the oldest unresolved international disputes on the United Nations agenda.

Mindful of numerous United Nations Security Council Resolutions on the Jammu and Kashmir dispute adopted since 1948.

Reaffirm Pakistan's unstinting moral, diplomatic and political support to the Kashmiri people's struggle for the realization of their right to self-determination;

Pays rich tribute to the courage and sacrifice of the people of Indian Illegally occupied Jammu and Kashmir.

Reiterates its rejection, total rejection of India's unilateral and illegal actions since 5th August 2019 and expresses grave concern over the continued attempts, aimed at changing the democratic structure and political landscape of Indian Illegally occupied Kashmir.

Emphasizes that any political process, subservient to the Indian Constitution, cannot be a substitute to the exercise of the right to the self-determination by the people of Jammu and Kashmir as enshrined in the relevant United Nations Security Council Resolutions;

Expresses serious concern over the presence of hundreds of thousands of Indian forces that has turned Indian occupied Jammu and Kashmir into one of the most militarized regions of the world;

Condemns the decades and decades of continuous oppression, torture, arrest, rapes, genocide and killings of people of Jammu and Kashmir, the excessive and disproportionate use of force by Indian forces in Indian Occupied Jammu and

Kashmir, resulting in the loss of countless lives, injuries and widespread destruction and the flagrant violations of human rights and international law;

Mr. Chairman, it is almost as if they are children of the lesser God, nobody cares. Human rights violations are taking place right, left and centre and no foreign power is willing to lift an eyelid. This is going to be our struggle that is why this resolution is so important.

Denounces the illegal and forcible dispossession of the people of Kashmir from their own lands and the notorious repeal of Articles 35A and 370 of the Indian Constitution which is contrary to UN resolutions and international law;

Deplores the impunity with which the Indian forces continue the human rights violations in Indian Illegally occupied Jammu and Kashmir, under draconian laws that defy the norms of justice;

Rejects the irresponsible statements, look at the interference of this neighbour of ours, so we reject the irresponsible statements of the Indian leaders regarding Azad Jammu and Kashmir and Gilgit-Baltistan, threating regional peace and stability; and reaffirms the unshakeable resolve of the Pakistani nation to thwart any aggressive act;

Demands, we have three demands in this resolution, we demand that India must release the Kashmiri political prisoners; halt the ongoing human rights violations; and earnestly implement the relevant United Nations Security Council Resolutions so as to enable the Kashmiri people to determine their

future through the democratic method of a fair and impartial plebiscite under UN auspices;

We demand that the human rights of the population of Indian occupied Jammu and Kashmir be respected, protected, and promoted;

And lastly, we confirm and reiterate that we will continue to raise our voices against injustice and oppression until the Kashmiri people achieve their inalienable right to self-determination.

Sir, that is the resolve that we will continue, and continue, and continue till we live. Thank you.

Mr. Chairman: Leader of the Opposition.

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): جناب، اس کو adopt کرا لیں so that I get a chance to speak.

جناب چیئرمین: پہلے آپ بول لیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر فاروق حامد نائیک: ایسی resolutions which are not part of the Constitution وہ جب adopt ہو جاتی ہیں تو ان پر discussion نہیں ہو سکتی۔

Let us go by the rules. We are not a nation ruled by dictators and kings, for God's sake.

Mr. Chairman: The things are very important.

سینیٹر فاروق حامد نائیک: آپ Rule 142 کا proviso پڑھ لیں، وہ proviso کہتا ہے کہ

no discussion will take place on a resolution which has not been opposed.

جناب چیئرمین: دیکھیں، پہلے میں نے سینیٹر شیری رحمان کو بھی time دیا۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: وہ بھی غلط ہو گیا۔ I am sorry to say this لیکن وہ بھی غلط ہوا ہے۔

Mr. Chairman: This is an important issue.

Senator Farooq Hamid Naek: Sir, two wrongs cannot make a right.

Mr. Chairman: Leader of the Opposition, please.

**Senator Syed Shibli Faraz (Leader of the Opposition)**

سینیٹر سید شبلی فراز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) سب سے پہلے میں اسماعیل ہنیہ کی شہادت پر، being a representative of Pakistan Tehreek Insaaf, اس پر ایک comment کروں گا کیونکہ Foreign Office سے جو ہمارا reaction گیا ہے، جیسا کہ یہاں سے بھی کہا گیا، وہ بہت کمزور تھا۔ اس میں اسرائیل کا نام ہی نہیں لیا گیا، وہ پہلے تھا لیکن پھر ہٹا دیا گیا، وغیرہ وغیرہ۔

تو اس میں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: ایک سیکنڈ، relax کریں جی، relax کریں۔ میں یہاں پر اپنے Founding Chairman عمران خان کی tweet پڑھنا چاہوں گا جو کہ انہوں نے اسماعیل ہنیہ کے بارے میں کی۔

I strongly condemn the assassination of Ismail Haniyeh in Iran and the bombing of Beirut by the government of the war criminal, Netanyahu. Israel's war crimes and blatant violations of international laws and conventions reflect the complete breakdown of any international rule-based order that may have existed.

یہ تو تھا ان کا اور ہماری پارٹی کا فلسطین کے بارے میں ایک بہت واضح موقف، قائد اعظم کی ہدایات کی روشنی میں جو انہوں نے فلسطین کے بارے میں کہا تھا اور اس کے ساتھ ساتھ میں اس میں اپنی طرف سے اپنے والد صاحب کا ایک شعر اسماعیل ہنیہ کو dedicate کرتا ہوں۔ وہ ہے

تُو دشتِ بے وطنی میں لہو لہان ہوا

ہم اپنے گھر میں ہی سینہ فگار پھرتے ہیں

جو شاعری کو سمجھتے ہیں وہ سمجھ گئے ہوں گے۔ جناب اعلیٰ ! 05 اگست کشمیر کے حوالے سے ایک انتہائی تاریک اور سیاہ روز ہے بلکہ یہ دن ہمارا اور پاکستان کی طویل سیاسی تاریخ کا بھی ایک سیاہ باب ہے۔ یہ وہ دن ہے جس میں پاکستان کے سب سے زیادہ مقبول لیڈر اور پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت، چاہے وہ پارلیمان میں ہو، چاہے وہ عوامی مقبولیت ہو، اس کے لیڈر کو سیاسی بنیادوں پر بنائے گئے cases پر گرفتار کیا گیا۔ وہ ایسے cases تھے جس میں نہ صرف ایک individual کے constitutional rights کو پامال کیا گیا بلکہ اس ملک کی پوری سیاسی اور سماجی حالات کی اینٹ سے اینٹ بجا دی گئی۔ خان صاحب پر جو مختلف cases بنائے گئے۔۔۔

Mr. Chairman: Leader of the Opposition, please stick to the agenda.

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب ! بالکل کشمیر کی بھی بات کی ہے اور فلسطین کی بھی بات کی ہے۔ دیکھیں اگر آپ کا ارادہ ہے کہ آپ مجھے بات نہیں کرنے دیں گے تو جناب ! میرا خیال یہ ہے کہ پھر اس House کو بند کر دیں۔ اگر ہم ایک طرف فلسطین کی بات کر رہے ہیں، ایک طرف

کشمیر کی بات کر رہے ہیں، یہاں ابھی بڑی لمبی باتیں ہوئیں۔ اس میں کچھ similarities اپنے ملک میں نظر نہیں آ رہیں؟ چاہے بلوچستان ہو، خیبر پختونخوا ہو یا پورا ملک ہو، ہمیں اس میں اس کی ایک جھلک ملتی ہے۔ آپ دیکھیں کہ عمران خان صاحب پر جو cases بنائے گئے جن میں ایک سائفر کا case تھا۔ سائفر ایک ایسا case ہے جس میں آئندہ آنے والے وزیر اعظم کبھی بھی اس ملک کے interest میں بات نہیں کریں گے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ دیکھیں جو cases بنائے گئے، وہ انتہائی شرمناک cases تھے، چاہے سائفر کا case ہو، چاہے توشہ خانہ کا case ہو اور چاہے عدت کا case ہو۔ عدت کا مقدمہ اس پوری قوم کے لیے ایک شرم کا مقام ہے، ایک ایسا مقدمہ کیا گیا۔ آپ عدالت جاتے تو وہاں پر وکلا نے جو باتیں کی ہیں، ایسی گھٹیا باتیں کی ہیں اور اتنی شرمناک باتیں کی ہیں۔ جس پاکستانی کی ماں اور بہن ہے، وہ اس قسم کے سوالات نہ سنے گا اور نہ کہے گا۔ اس کا مقصد عمران خان کو تضحیک کا نشانہ بنانا تھا، اس لیے آپ نے اس قسم کے مضحکہ خیز cases بنائے۔ الحمدللہ، یہ سارے cases عدالتوں سے باہر پھینک دیے گئے کیونکہ قانون کے مطابق اگر یہ ایسی۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ interrupt نہ کریں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ دیکھیں کہ بہانے کوئی بھی ہو سکتے ہیں۔ کوئی resolution اہم نہیں ہے، پاکستان اہم ہے۔

Mr. Chairman: Please, come to the point.

سینیٹر سید شبلی فراز: میں یہ کہہ رہا تھا۔ آپ مجھے بولنے دیں، آپ صبر کریں اور سچ کو سننے کی قوت پیدا کریں۔ ہمیں معلوم ہے اور ہم اگر آپ کو آئینہ دکھا رہے ہیں تو آپ اس میں شرمندہ ہو رہے ہیں، مجھے معلوم ہے۔ آپ نے جتنی چیزیں کی ہیں، آپ شرمندگی سے بھی آگے چلے گئے ہیں اور آپ شرمندہ بھی نہیں ہوں گے، ٹھیک ہے۔ اس ساری صورت حال کا کیا نتیجہ ہوا؟

Mr. Chairman: You are supporting the resolution?

سینیٹر سید شبلی فراز: جی، کیا چیز ہے؟ جناب! آپ میری بات سنیں، آپ کو سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب نے قانون بتایا ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں میں نے آپ کی بات سننی ہے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! آپ مجھے بات کرنے دیں اور میں مختصر بات کروں گا کیونکہ یہ بہت ضروری ہے۔ آج جو مجھے بات نہیں کرنے دے رہے۔ ان کو معلوم ہونا چاہیے کہ پہیہ گھومتا ہے اور پہیہ ایک جگہ پر کبھی نہیں رہتا۔ اس لیے آپ تسلی رکھیں اور میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے یہ سارا کچھ کیا۔ ان کی ان حرکتوں نے پاکستان کی سیاسی instability کو فروغ دیا، سیاسی instability آئی، اس سے ملکی معیشت متاثر ہوئی تو لوگ بے روزگار ہوئے، فیکٹریاں بند ہوئیں اور رہی سہی کسر مہنگائی نے پوری کر دی۔ اس مہنگائی نے لوگوں کی کمر توڑ دی اور لوگ خودکشیاں کر رہے ہیں، لوگ نہروں میں چھلانگیں لگا رہے ہیں۔ ایک ایسا اضطراب پورے معاشرے میں آ گیا ہے اور یہ خطرناک ہے، اس سے کوئی بھی چنگاری بھڑک سکتی ہے۔ جیسے حالات پیدا کر دیے گئے ہیں، یہ اس ملک کے مفاد میں نہیں ہیں۔

جناب! آپ بے شک فلسطین پر بات کریں، آپ بے شک کشمیر پر بات کریں، ہم 75 years سے باتیں کرتے آ رہے ہیں لیکن ان پر عمل کوئی بھی نہیں کیا۔ جناب! ہمارے ملک کے اس وقت جو حالات بنے ہوئے ہیں، یہ بہت تشویشناک ہیں کیونکہ ملک کی باگ ڈور ایسے نااہل لوگوں کے ہاتھ میں ہے جس سے یہ ملک روزانہ کی بنیاد پر نیچے، نیچے اور نیچے جا رہا ہے۔ اب اس ملک میں عوام کو دو وقت کی روٹی میسر نہیں ہے، اس ملک کی معیشت روز بروز نیچے جا رہی ہے۔ اس ملک میں بہت زیادہ potential ہے لیکن جب ملک نااہل اور corrupt لوگوں کے ہاتھوں میں چلا جائے تو پھر اس کا کوئی مستقبل نہیں ہوتا۔

جناب چیئرمین: یہ resolution ہے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! میں ختم کرنے والا ہوں۔ جناب! یہ میرا استحقاق ہے اور آپ اس پر مجھے بات کرنے دیں۔ بات یہ ہے کہ آپ کو resolution کا بڑا شوق ہے تو آپ وہ کر لیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جناب! یہ ضروری ہے کہ۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please, order in the House.

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ شور کرتے رہیں۔ جناب! میں آپ سے کہتا ہوں کہ اگر یہ لوگ بات نہیں کرنے دیں گے، یہ ہم سے بات کرکے دیکھ لیں۔ آپ لوگوں کو اٹھائیں، سینیٹر شیری رحمان صاحبہ! very good, آپ کی بڑی democratic traditions ہیں۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order in the House, please take your seats.

آپ wind up کریں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! جو (***)[1] میں (***) پر زیادہ زور دوں گا، یہ لوگ جو (***) کر رہے ہیں۔ آپ Law Minister ہیں، آپ قانونی باتیں کریں۔ ان کو شور کرنے دیں، please, go ahead, آپ لگے رہیں۔ میں یہ بات کر رہا ہوں، آپ دیکھیں کہ کس پر بات ہو رہی ہے، کس شخصیت کی بات ہو رہی ہے۔۔۔

Mr. Chairman: The words stand expunged.

سینیٹر سید شبلی فراز: کس شخصیت کی بات ہو رہی ہے، اس ملک کے اس سپوت کی بات ہو رہی ہے جس نے as a sportsman اس ملک کے لیے عزتیں کمائیں، اس شخص کی بات ہو رہی ہے، شوکت خانم کے بیٹے کی بات ہو رہی ہے جس نے شوکت خانم کینسر ہسپتال بنایا۔ اس شخص کی بات ہو رہی ہے جس نے نمل یونیورسٹی بنائی اور وہ اس وقت اقتدار میں بھی نہیں

[1] * Words expunged by the orders of Mr. Chairman

تھا۔ اس نے اپنی ساری زندگی میں social welfare کے کام کئے اور اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے اس ملک میں سیاسی طور پر ایک سوچ دی، وہ سوچ ریاست مدینہ کے ماڈل کی سوچ تھی۔ انہوں نے حقیقی آزادی کی بات کی، انہوں نے اس ملک میں خودی کا ایک سبق سکھایا۔

جناب! اس کے علاوہ آپ کے ملک کی جو سیاسی صورت حال تھی۔ اس ملک میں جب تک transparent elections نہیں ہوں گے تو اس وقت تک جمہوریت نہیں پنپ سکتی۔ جناب! یہ وہی لوگ ہیں جب عمران خان حکومت میں تھا اور اس کی popularity نیچے آ رہی تھی، اس وقت انہوں نے ان Houses میں Electronic Voting Machine کے bills pass کرائے۔ وہ کابینہ میں تلاوت کے بعد مجھ سے پوچھتے تھے کہ اس کی کیا progress ہے؟ وہ اس لیے تھا کہ ہم transparent elections چاہتے تھے۔ یہ جو form 47 والے بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو free and transparent elections suit نہیں کرتے۔ انہوں نے ملکی اداروں کو تباہ و برباد کر دیا ہے، انہوں نے ملک کے سیاسی نظام کو درہم برہم کر دیا ہے۔ انہوں نے اس ایوان کی عزت اور تکریم کا بیڑہ غرق کر دیا ہے۔ ان جیسے لوگ آئے ہیں جو پہلی مرتبہ آئے ہیں اور ان کو بات کرنے کا طریقہ بھی نہیں آتا، ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: آپ آخری بات کریں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: اب ہم بات کرتے ہیں، ان کی حکومت ہے اور آپ economy پر آ جائیں، اس وقت economy کی بری حالت ہے۔ میں ان کو آئینہ دکھا رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ resolution پر بات کریں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! آپ مجھے ان کو ذرا آئینہ دکھانے دیں کہ یہ اس میں اپنی شکل دیکھ لیں۔ انہوں نے ایک ایسا ماحول پیدا کیا ہے، اب ان میں جرات ہی نہیں کہ یہ باتیں سن سکیں۔ جناب! Economy 6% پر grow کر رہی تھی۔ ہم نے ایک آزاد خارجہ پالیسی بنائی، ان کی طرح نہیں تھی کیونکہ ان کی جائیدادیں وہاں پر ہیں۔ یہ ان کو خوش کرنے کے

لیے Israel کا نام نہیں لیتے، برطانیہ کا نام نہیں لیتے۔ آپ ان کے غلام ہیں، آپ نے اپنی مراعات کو برقرار رکھنے کے لیے غلامی کی ہے اور آپ نے ساری قوم کو غلام بنا دیا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! عمران خان اسی حقیقی آزادی کی بات کرتا ہے، پاکستان پر اشرافیہ کا ایک ٹولا مسلط کر دیا گیا ہے، جس نے ملک کا بیڑا غرق کر دیا ہے۔ ہم نے اپنی حکومت میں 6% کی growth کی ان کی negative growth، ہے۔ ہم نے exports بڑھائیں انہوں نے exports کو کم کیا۔ ہمارے دور حکومت میں ڈالر 176 روپے کا تھا ان کے وقت میں ڈالر 280 روپے کا ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: اس میں ان کا کیا تعلق ہے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: ہم نے صحت کارڈ announce کیا، یہ اس مرد مجاہد نے کیا، اس نے اس ملک کے غریبوں کے لیے پناہ گاہیں بنائیں اس نے لنگر خانے بنائے۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please order in the House.

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب میں آپ کو بتا دوں، میں ایک بات کرتا ہوں، امیر مقام صاحب آپ جلدی نہ کریں relax کریں۔ میں صرف آئینہ دکھا رہا ہوں، بس آپ بیٹھ جائیں، میں آپ کو آئینہ دکھا رہا ہوں۔

Mr. Chairman: Don't disturb the Leader of the Opposition.

سینیٹر سید شبلی فراز: یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اس ملک کے وسائل کو لوٹا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے democracy کو ہمیشہ undermine کیا۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اداروں کو تباہ کیا۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے لوگوں کے mandate کو چرایا۔ ان کا بنیادی کام ہی یہی ہے، اس لیے یہ نہ parliament کے آداب سے واقف ہیں۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئر مین! ہم دیکھتے ہیں کہ یہ کیسے بات کرتے ہیں۔ جناب! ادھر جو بڑے بڑے کرگس بیٹھے ہوئے ہیں جو کہ فاختاؤں کا لباس اوڑھے ہوئے ہیں۔ بڑی democracy کی بات کرتے ہیں۔ آپ کو شرم آنی چاہیے۔ آپ نے democracy کے ساتھ وہ کھیل کھیلا ہے، آپ سہولت کار ہیں، آپ ان جیسے لوگوں کو لائے ہیں جو کہ صرف شور کر سکتے ہیں، کام کی بات نہیں کر سکتے ہیں۔

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر سید شبلی فراز: دیکھیں جناب چیئر مین صاحب! آپ نے ایک دفعہ بھی ان کو خاموش کروانے کی تاکید نہیں کی ہے، اگر ایسی بات ہے پھر ہم دیکھیں گے کہ یہ کیسے بات کرتے ہیں۔ اس طرح نہیں ہو سکتا، جناب چیئر مین! یہ پاکستان میں اس House کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please don't disturb the Leader of the Opposition.

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب میں آخر میں دو باتیں کرنا چاہوں گا۔ میرے ذہن میں دو بڑی اچھی باتیں آئی ہیں۔ جناب آخری دو منٹ دے دیں۔ میں نے یہاں اچھی سی بات سنی، کسی نے نعرہ لگایا کہ وزیراعظم، وہ تو کہتے ہیں نواز شریف۔ جناب یہ اتنی مضحکہ خیز بات ہے۔ انہوں نے یہ کہا ہے کہ وزیراعظم نواز شریف۔ او بھائی، تمہارا لیڈر ووٹ کو عزت دینے کا نعرہ لگا کر چھپ گیا۔ آپ ووٹ کے چور نکلے۔ ان کے منہ سے یہ بات سن کر مجھے ہنسی آتی ہے۔ انہوں نے اخباروں کی شہ سرخیاں بنادیں اور پاکستان پیپلز پارٹی والوں کی اصلیت تو میں کل بیان کروں گا کہ انہوں نے ملک کے ساتھ کیا کیا ہے۔

جناب چیئر مین: آپ یہیں تک محدود رہیں Leader of the Opposition.

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! مجھے پتا ہے کہ آپ کو برا لگے گا کیونکہ آپ کی پارٹی ہے۔ میں معذرت چاہتا ہوں لیکن حقیقت تو حقیقت ہوتی ہے۔ جناب میں آخر میں یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ پانچ اگست اس ملک کی سیاسی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے اور ہماری یہ demand ہے کہ جو بھی جھوٹے مقدمات ہیں وہ ختم کیے جائیں اور اس ملک میں صاف اور شفاف الیکشن کرائے جائیں تاکہ حقیقی نمائندے سامنے آئیں، یہ نہیں فارم 47 والے جو بیٹھے ہیں۔ یہ [2][***] ہیں۔ میں ایک بات کر لوں۔ جس طرح کہ میری تقریر میں شور شرابہ ہوا ہے، [***] ہوا ہے۔

Mr. Chairman: The word stands expunged.

**(مداخلت)**

سینیٹر سید شبلی فراز: ہم دیکھیں گے کہ یہ کس طرح سے تقریر کرتے ہیں۔ آپ نے بھی intervene نہیں کیا، اردو کا لفظ ہے آپ چھوڑیں۔ یہ بھی تقاریر نہیں کر سکتے۔

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: Now I put the resolution to the House.

(*The resolution was passed unanimously)*

Mr. Chairman: Yes Minister in-charge.

جناب انجینئر امیر مقام (وفاقی وزیر برائے سیفران): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: آپ بولیں۔

**(مداخلت)**

[2] [Words expunged as orders by the Chair]

جناب انجینئر امیر مقام: جناب چیئرمین! آج مجھے بہت افسوس ہوا اور بہت ہی افسوس کی بات ہے کہ آج اسماعیل ہنیہ کی شہادت کی بات ہو رہی ہے اور ساتھ ساتھ کشمیر سے متعلق پانچ اگست کی بات ہو رہی ہے اور اس دن اس طرح کی چیزیں نکالنا بہت قابل افسوس ہے۔ میں تو شبلی فراز صاحب کو کافی عرصے سے جانتا ہوں، ان سے مجھے ایسی توقع نہیں تھی، میں نے آج انہیں سنا کیونکہ آج کے دن ہم تمام پاکستانیوں کے لیے اور مسلمانوں کے لیے دوسری بات کرنا انتہائی ناجائز اور ناانصافی ہے مگر اس بات کا پتا چل گیا کہ ان کی priority نہ اسلام ہے، نہ کشمیر ہے، نہ فلسطین ہے اور نہ پاکستان ہے۔ ان کی priority صرف ایک شخص کے ارد گرد گھومتی ہے اور وہی بات کرتے ہیں۔ بہت افسوس ہوا۔ انہوں نے اسرائیل کی بات کی کہ ہمارے وزیراعظم نے قومی اسمبلی میں پیش کی جانے والی قرارداد میں اسرائیل کی بات نہیں کی تو میں ان سے کہتا ہے انہوں نے ڈٹ کر بات کی اور ہمیں اسرائیل سے کیا لینا دینا ہے، اگر لینا دینا ہے تو آپ کو ہے، ہمیں کیا لینا دینا ہے۔ ہم پر کیا الزامات ہیں کہ ہمیں اسرائیل سے کتنی funding آئی اور ہمیں کیا تکلیف ہے۔

(مداخلت)

جناب انجینئر امیر مقام: میں آگے اس resolution کی طرف جانا چاہتا ہوں جس میں اسماعیل ہنیہ کی بات ہے۔ تمام مسلمانوں اور پاکستانیوں کی کوئی دوسری رائے نہیں ہے، وہ اس کی مذمت کرتے ہیں، اسے condemn کرتے ہیں اور ہم فلسطینیوں کے ساتھ ہیں۔

پانچ اگست یوم استحصال کشمیر کی بات ہو رہی ہے کہ پانچ اگست 2019 کو کیا ہوا تھا۔ میں اس بارے میں بات کرنا چاہتا ہوں کہ پانچ اگست 2019 پاکستان کی تاریخ میں وہ سیاہ ترین دن ہے۔

(مداخلت)

جناب انجینئر امیر مقام: آپ بھی حوصلہ کریں اور کسی دوسرے کو سن لیں۔ سچ سننے کی جرات کریں۔ میں پانچ اگست 2019 کے بابت بات کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے کشمیری بہن اور بھائی 1947 سے کئی مصیبتیں برداشت کر رہے تھے۔ 1947 سے لے کر ابھی تک لاکھوں کی تعداد میں زخمی ہوئے اور ہزاروں کی تعداد میں شہید بھی ہوئے ہیں، بہت سے جیلوں میں

بھی ڈالے گئے، ان کے بہت سے نقصانات بھی ہوئے اور خاص طور پر پانچ اگست 2019 کو کشمیر کا special status ختم کر دیا گیا۔

(مداخلت)

جناب انجینئر امیر مقام: جو 05th August, 2019 میں کشمیر کا special status ختم کر دیا گیا۔

(مداخلت)

جناب انجینئر امیر مقام: میں وہی بات کرنا چاہتا ہوں کہ جو ان کا special status تھا، India کے آئین میں دو شقیں شامل تھیں, (a) 370 and 335 انہوں نے (a) Article 370 and 335 کو ختم کر دیا اور کشمیریوں کا special status Azad Jammu and Kashmir کو ختم کر دیا۔ اس کا main مقصد یہی تھا کہ پہلے ان Articles میں mentioned تھا کہ کشمیریوں کے علاوہ ان کی زمین کوئی اور نہیں خرید سکتا اور کوئی ادارے نہیں خرید سکتے۔ وہ status ختم کرکے ان کو اجازت دی کہ انڈیا کے دوسرے حصوں سے لوگوں کو لے آئیں اور ان کو کشمیر میں آباد کر دیں اور وہ آباد کریں تو ان کی وہ demand جو International world کرتا ہے وہ پوری ہو جائے گی کہ کشمیریوں کے علاوہ بھی لوگ وہاں آ کر آباد ہو جائیں گے اور کشمیریوں کی majority, minority میں تبدیل ہو جائے گی۔

یہ بات United Nations and Pakistan نے مسترد کی ہے اور کشمیریوں نے بھی مسترد کی ہے اور ہماری وہی demands اپنی جگہ intact ہیں کہ United Nations کی resolution کے مطابق کشمیریوں کو ان کا حق دیا جائے اور وہ جو چاہیں ان کو وہ مل جائے۔ آج ہم پاکستانیوں نے بغیر ان لوگوں کے، پورے پاکستان نے یہ message دیا اور ہر جگہ slogans لے کر گئے اور کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کی۔ اسلام آباد اور چاروں صوبے اور گلگت بلتستان اور کشمیر میں لوگ گھروں سے نکل آئے اور اظہار یکجہتی کی کہ ہم کشمیر کے مظلوم بہن بھائیوں کے ساتھ ہیں۔ جب تک کشمیر کا مسئلہ United Nations کی resolution کے مطابق حل نہ ہوا اس وقت تک ہم اپنی demands پر

ڈٹے رہیں گے اور آج ہمیں یہ بات سمجھ آئی ہے کہ کشمیر کا resolution, یہ بہت اہم بات ہے لوگ کہتے تھے لیکن ہم نہیں مانتے تھے کہ ان کے دور میں 2019 تک کس کی حکومت تھی۔

72 سالوں سے انڈیا نے جرات نہیں کی اور ان کے ساتھ اندر سے مل کر انہیں اس پر stamp لگا دی، ثابت کر دیا کہ یہ اس میں شامل تھے۔ یہ دونوں Articles ختم کرنے میں عمران خان اور PTI کی حکومت تھی ان کے زمانے میں یہ ختم ہوئے۔ آج ہمیں پتہ چل رہا ہے کہ یہ کتنے non serious ہیں اور ایک مجرم کے لیے نعرے لگا رہے ہیں۔ ان کو نہ تو فلسطین کی پرواہ ہے اور نہ ہی کشمیر کی پرواہ ہے اور نہ ہی پاکستان کی پرواہ ہے۔ ان کو ایک مجرم کی پرواہ ہے کہ وہ کس طرح باہر نکلے گا مگر یہ ان کا خواب ہی رہ جائے گا کیونکہ وہ باہر نہیں نکلے گا۔ بہت شکریہ۔

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: Please listen. I want to make an announcement that under Rule 225 of the Rules and Procedure of Conduct of Business in the Senate, 2012, the members shall not chant slogans and display banners.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: The House stands adjourned to meet again on Tuesday, the 06th August, 2024 at 05:00 p.m.

----------------

*[The House was then adjourned to meet again on Tuesday, the 06th August, 2024 at 05:00 p.m.]*

----------------